Istituto Comprensivo di Luzzara

Scuola dell'Infanzia, Primaria e Secondaria di Primo grado
Viale Filippini, 42 – 42045 Luzzara (RE) – tel. 0522 22 31 37
www.icluzzara.edu.it – Email: reic83200d@istruzione.it pec: reic83200d@pec.istruzione.it – CF 81002390359

سکول انسٹی ٹیوٹ لزارا کے طلبه کے والدین کی طرف
انسٹی ٹیوٹ کی کونسل کے ارکان کی طرف

موضوع: رضاکارانه مالی تعاون اور انشورنس تعلیمی سال 2021/2022 کیلئے

عزیز والدین،

انسٹی ٹیوٹ کی کونسل نے اس تعلیمی سال کیلئے بھی رضاکارانه مالی تعاون کا کوٹه طے کیا ہے جس کا تقاضا طالب علموں کے خاندانوں سے کیا جاتا ہے: **کل رقم 23,00 € تئیس یورو ہے** (اس میں طلبه کی لازمی انشورنس کے 7,50 یورو بھی شامل ہیں)۔

انشورنس پورے سکول ٹائم کے دوران طالب علموں کو حادثات کی صورت میں اور گھر سے سکول کے سفر میں تحفظ فراہم کرتی ہے اور اگر بچے سکول میں تعلیمی سرگرمیوں کے دوران لوگوں یا چیزوں کو نقصان پہنچائیں تو اسی سے والدین کو بھی تحفظ دیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ انشورنس سے ٹرپ یعنی تعلیمی دورے منظم کرنے میں بھی مدد ملتی ہے خواہ وہ علاقه میں ہوں یا علاقه سے باہر، پیدل ہوں یا ٹرانسپورٹ کے ذریعے۔ وہ طالب علم جو رقم کا کوٹه جمع نہیں کراتے وہ تعلیمی دوروں میں حصه نہیں لے سکیں گے، جب انہیں دوبارہ منظم کیا جائے گا۔

وہ رقم جو والدین رضا کارانه طور پر جمع کراتے ہیں، وہ سکول کیلئے ایک اہم تعاون ہے اور اسے بچوں/ نوجوانوں کیلئے پروجیکٹس پر خرچ کیا جائے گا۔ سکول انسٹی ٹیوٹ لزارا کی ویب سائٹ پر خاندان رضاکارانه مالی مدد اور اس سے چلنے والے پروجیکٹس کو دیکھ سکتے ہیں۔

یه رقم صرف اور صرف PAGO in Rete کے پلیٹ فارم سے ہی جمع کرائی جا سکے گی اور اس تک رسائی سکول انسٹی ٹیوٹ کی ویب سائٹ کے ہوم پیج سے ممکن ہے(دیکھئے ضابطه انسٹی ٹیوٹ کی ڈائری پر بھی)

رقم جمع کراتے وقت انسٹی ٹیوٹ کا میکانو گرافیکل کوڈ لکھنے کی بھی ضرورت ہو گی: REIC83200D

سکول کے دفتر کی جانب سے پہلے سے درج رقم 23,00 € تئیس یورو کو والدین کیلئے بدلنا ممکن ہے۔

جواسےٹیکس کٹوتی (فارم 730 پیش کر کے رقم کا کچھ حصه واپس لینا)کیلئے استعمال کرنا چاہتا ہے اس کیلئے مطلوبه فارم یہاں سے ہی فوراً ڈاون لوڈ کیا جا سکتا ہے لیکن احتیاط کریں flag OPPOSIZIONE پہ کلک نه کریں۔

یه رقم 30 نومبر 2021 کے اندر اندر جمع کرانی ہے۔

والسلام

سکول پرنسپل

ڈاکٹر انیتا مونتی

اس عمل کی ذمه دار: اے۔اے سیمونا کیوا

Email: ufficioalunni@icluzzara.edu.it